14629 ـ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا حکم

سوال

کیا انسان کے لیے کھڑے ہو کر پیشاب کرنا جائز ہے، یہ علم میں رہے کہ اس طرح پیشاب کرنے سے لباس اور بدن پر چھینٹے نہیں پڑتے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

کھڑے ہو کر پیشاب کرنے میں کوئی حرج نہیں، خاص کر ضرورت کے وقت جب کہ جگہ باپرد ہو اور پیشاب کرنے والے کی شرمگاہ کو کوئی شخص نہ دیکھے، اور نہ ہی اس پر پیشاب کے چھینٹے پڑیں، کیونکہ صحیح حدیث میں ثابت ہے کہ: حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں:

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گندگی پھینکنے والی جگہ پر آئے اور کھڑے ہو کر پیشاب کیا "

متفق علیہ.

لیکن افضل یہی ہے کہ بیٹھ کر پیشاب کیا جائے؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا غالب فعل یہی تھا، اور اس میں پردہ بھی زیادہ ہے، اور پیشاب کے چھینٹے پڑنے کا احتمال بھی باقی نہیں رہتا "

واللہ اعلم .